★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
# تعمیرِ وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 28 ---شمارہ نمبر 32 ہر دز اتوار یکم نومبر 2026ء ---قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر محمد عاطف خان ---ایڈیٹر ایم الیس خان

## ڈیرہ مراد جمالی، نامعلوم مسلح افراد 2 نوجوان کو اغواء

کوئٹہ (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد 2 نوجوان کو اغواء کر کے لے گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے ربڑی کینال کے قریب سے ضمیر احمد اور لعل حسین زمینوں پر کام کر رہے تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد انہیں اغواء کر کے لے گئے گزشتہ تین روز کے دوران اغواء ہونے والوں کی تعداد 4 ہو گئیں۔ تین روز قبل چمتر کے علاقے سے دو مزدوروں کو اغواء کیا گیا تھا جو تعمیراتی کام کر رہے تھے۔

## تمپ، ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) تمپ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تمپ کے علاقے ملک آباد میں سڑک کے کنارے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کاروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## سندھ طاس معاہدے پر قانونی جنگ جاری، بھارت کو پابندی پر مجبور کریں گے، ماہر ارتی جنرل

لاہور (آن لائن) انارتی جنرل آف پاکستان منصور اعوان نے کہا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے کے معاملے پر قانونی جنگ جاری رکھے گا اور بھارت کو قانونی طور پر معاہدے کی پاسداری کرنے کا پابند بنانے کی کوشش کرے گا۔ لاہور میں لمز اس واٹر ٹریٹی اینڈ نیشنل سکیورٹی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انارتی جنرل

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

## کورز بلوچستان کا معروف مورخ و محقق عبدالعزیز لونی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) کورز بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق صوبائی سیکرٹری معروف مورخ اور محقق عبدالعزیز لونی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں کورز بلوچستان نے کہا کہ مرحوم عبدالعزیز لونی کی گرانقدر انتظامی اور ادبی خدمات کو تا دیر یاد رکھا جائیگا۔ مرحوم سید ال خان لونی ہیکرڈی محکمہ مائنز، اور اسد خان لونی، کمشنر ان لینڈ ریونیو (FBR)، کے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

## ظفر علی ناصر سوشل میڈیا پر ٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرپرسن مقرر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے سوشل میڈیا کے شعبے میں ضابطہ کاری اور تحفظ کے لیے قائم سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی سربراہی ظفر علی ناصر کے سپرد کر دی ہے۔ وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے ظفر علی ناصر کو اتھارٹی کا چیئرپرسن مقرر کرنے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ظفر علی ناصر کی تقرری پانچ سال کے لیے عمل میں لائی گئی ہے۔ ان

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

## غریب آدمی کو ریلیف دینا حکومت کی اہم ترجیح، ملکی معیشت کو عدم استحکام سے بچانے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے، وزیراعظم شہباز شریف کا پارلیمانی پارٹی اور عہدیداروں سے خطاب

# خیبر پختونخوا میں 13 سالہ حکمرانی کے باوجود عوامی مسائل حل نہیں ہوئے

### 800 ارب ملنے کے باوجود کتنے سیف سٹی منصوبے بنائے گئے؟ پولیس کی 5 ہزار خالی آسامیوں پر بھرتی کیوں نہیں ہوئی؟ صوبے میں ناگزیر حالات کے پیش نظر گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنا پڑی

پشاور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، تاہم گزشتہ 13 سال سے صوبے میں برسر اقتدار جماعت نے عوامی خدمت کے بجائے سیاسی فعروں اور تقسیم در تقسیم کی سیاست پر توجہ دی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ خیبر پختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملنے والے 800 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے صوبے میں کتنے سیف سٹی منصوبے قائم کیے گئے اور محکمہ انسداد دہشت گردی کو کتنا مضبوط بنایا گیا؟ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی اور عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج وزیراعظم پاکستان اور قائد محمد نواز شریف کے کارکن

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پاکستان کیلئے ہماری وفاداری غیر مشروط ہے، محرومی یا سیاسی اختلاف تشدد کا جواز نہیں بن سکتا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا یو ایم ٹی لاہور کے کانووکیشن سے خطاب

### صوبے کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں تشدد کو جائز قرار دینے والا بیانیہ، مسلح دہشت گردی اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی شامل ہیں



اسلام آباد، وزیراعظم میاں شہباز شریف مسلم لیگ ن کے پارلیمانی پارٹی سے خطاب کر رہے ہیں

# بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں، تعلیم اور جمہوری مکالمے میں ہے

### وزیراعلیٰ بلوچستان

### حکومت بلوچستان بھی اپنے 80 فیصد سے زائد طلبہ کو 80 فیصد اسکالرشپ پر تعلیم فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ مالی مشکلات کسی باصلاحیت نوجوان کی اعلیٰ تعلیم میں رکاوٹ نہ بنیں

لاہور/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز الگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے ہماری وفاداری غیر مشروط ہے اور بلوچستان کے مسائل کا حل مسلح جدوجہد کے بجائے تعلیم، مکالمے، سیاسی عمل اور جمہوری راہوں میں پوشیدہ ہے۔ کسی بھی قسم کی تخریبی یا سیاسی اختلاف کو تشدد کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کو اس وقت تین بڑے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

## ٹی ڈی آئی پی کے سیکرٹری شہریار تاج کا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ

### معدنیات کو قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی آئی پی) کے سیکرٹری شہریار تاج نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (بی بی او آئی بی) کے دفتر کا دورہ کیا اور وہ اس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر بی بی او آئی بی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالسبحان اور ٹی ڈی اے پی بلوچستان کے ڈائریکٹر لوجی اپیکز بھی موجود

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

## خاران کے علاقے سے ایک نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے علاقے سے ایک نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز خاران میں زردین کوئی کے قریب وڈہ نالے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

## جامعہ کوادر اور فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کراچی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

### پروگراموں کی ایکریڈیٹیشن کے حصول کے لیے باہمی تعاون کریں گی، کمپیوٹر سائنس حفیظ اللہ

کوادر (آن لائن) جامعہ کوادر اور نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز کراچی کیمپس کے درمیان کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس اور جدید ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت کے مسودے پر دستخط کیے گئے، مفاہمتی یادداشت پر فاسٹ نیشنل یونیورسٹی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

## ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 173 روپے 86 پیسے مزید مہنگا کر دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 173 روپے 86 پیسے مزید مہنگا کر دیا گیا۔ نومبر 2026 کیلئے ایل پی جی کے گھریلو سلنڈر کی قیمت 3 ہزار 470 روپے 9 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ اوگرا نے نومبر کے لیے ایل پی جی کی نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، دروں ماہ اکتوبر کیلئے 11.8 کلوگرام

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

## دو سالہ دور میں گندانہ میں جتنے ترقیاتی کام کروائے، صوبائی وزیر ماضی کی حکومتیں دس سال میں بھی شاید اتنے نہ کر سکیں: سردارزادہ میر فیصل خان جمالی

### میری کوشش رہی ہے کہ علاقے کے دیرینہ مسائل حل ہوں

گندانہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے گندانہ اور اس کے مختلف علاقوں میں متعدد ترقیاتی منصوبے شروع کروائے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقتدار میں گندانہ اور اس کے مختلف علاقوں میں متعدد ترقیاتی منصوبے شروع کروائے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنے دو سالہ دور



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل باکسر بخت بابو کو گولڈ میڈل پہنا رہے ہیں

## سعودی ویژن 2030 کے تحت پاکستانی مصنوعات کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

# پاکستان اور سعودی عرب کا تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

### نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راج العتمی کی وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ملاقات، جی سی سی آزاد تجارتی معاہدے پر بھی تبادلہ خیال

### نئے کاروباری مواقع تلاش کرنے اور دوطرفہ اقتصادی تعلقات میں پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لینے کیلئے قریبی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان اور سعودی عرب نے تاریخی برادرانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی اور تجارتی شراکت داری میں تبدیل کرنے، دوطرفہ تجارت بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے تعاون مزید مستحکم بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک نے صنعتی، زرعی، پیداواری اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مشترکہ کوششیں تیز کرنے اور نجی شعبے کے درمیان کاروباری روابط بڑھانے پر بھی زور دیا

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے سعودی عرب کے نئے تعینات ہونے والے سفیر ڈاکٹر راج



صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی ویمن انٹرپرینیور شپ نیٹ ورک انگیزیشن 2026 میں ایک اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

## کوئٹہ میں اسٹڈی سینٹر اور خصوصی تربیتی مرکز بھی قائم کیا جائے گا، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی درخواست پر اعلان

# یو ایم ٹی لاہور کا بلوچستان کے طلبہ کیلئے 10 کروڑ روپے کی اسکالرشپس کا اعلان

### 10 کروڑ روپے کے اسکالرشپ فنڈ سے بلوچستان کے مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مالی معاونت فراہم کی جائیگی

لاہور/کوئٹہ (آن لائن) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) لاہور نے بلوچستان کے باصلاحیت اور مستحق طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے 10 کروڑ روپے کی اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ کوئٹہ میں

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

## بلوچستان میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کیلئے 12 ارب 29 کروڑ روپے سے زائد کے منصوبے

### نئے مالی سال میں 41 اضلاع میں 183 سڑکوں کے منصوبوں پر کام جاری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے دور دراز علاقوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور مختلف اضلاع کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے کے لیے بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ (BSDI) پر عمل درآمد کے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پاکستانی آئی ٹی انڈسٹری کیلئے یورپی منڈیوں کے دروازے کھلنے لگے

### نارویے کے سرمایہ کاروں، کاروباری رہنماؤں اور پالیسی سازوں سے اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری کے لیے یورپی بالخصوص نارڈک ممالک کی منڈیوں میں کاروبار، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی شراکت داری کے نئے امکانات روشن ہو گئے ہیں۔ پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (پاشا) کے 30 رکنی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

## مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد کی لیبلنگ لازمی قرار دینا ہوگی، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ

# سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا آگاہی کیلئے قومی کونسل قائم کرنے کی ضرورت ہے، عطاء تارڑ

### ڈیجیٹل خواندگی کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنایا جائے، سائبر سیکیورٹی آگاہی ہفتہ 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سائبر سیکیورٹی کے بڑھتے ہوئے خطرات، سوشل میڈیا پر غلط معلومات، ڈیپ فیک اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کردہ گمراہ کن مواد سے نمٹنے کے لیے نیشنل سائبر سیکیورٹی اینڈ سوشل میڈیا آگاہی کونسل قائم کرنے کی تجویز

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

## لیبر کوڈ مزدور تنظیموں کی مشاورت کے بغیر قبول نہیں کریں گے، سلطان محمد خان

### متعلقہ اداروں نے مزدور نمائندوں کو اعتماد میں نہ لیا تو احتجاج اور بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کیا جائیگا

کوئٹہ (اے این این) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں مزدور تنظیموں کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت سلطان محمد خان نے کی۔ اجلاس میں صوبائی و مرکزی سطح کی مختلف مزدور ٹریڈ یونین فیڈریشنز، ایسوسی ایشنز اور سی بی اے ٹریڈ یونین تنظیموں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان لیبر کوڈ کی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پاکستان حلال اتھارٹی ملک میں حلال مصنوعات کے حوالے سے قومی ریگولیٹری ادارے کی حیثیت رکھتی ہے، خطاب

# پاکستان عالمی حلال مارکیٹ میں اہم مقام حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، خالد حسین مگسی

### حلال انڈسٹری عالمی معیشت کا اہم شعبہ بن چکی ہے، برآمدات بڑھانے کیلئے سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کو فروغ دینا ہوگا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان میں پہلے حلال فورم کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے، حلال انڈسٹری اب عالمی معیشت کے ایک اہم شعبے کی حیثیت اختیار کر چکی ہے اور پاکستان کے پاس عالمی حلال مارکیٹ میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ پہلے پاکستان حلال فورم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

## ایس پی خورشید احمد بلوچ کی ہدایت پر ضلع بھر میں سنیپ چیکنگ جاری

سوراب (آن لائن) ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں امن و امان

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پی ایم اے بلوچستان کا ٹیکس وصولیوں کے خلاف یکم نومبر سے ہڑتال کا اعلان

### ٹیلی شعبے کو خصوصی ٹیکس رعایت دی گئی ہے، ڈاکٹروں پر شرح میں اضافہ نہیں کیا، پی آر اے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان نے ٹیکس وصولیوں کے خلاف صوبے بھر میں ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ تنظیم کے ترجمان مطابق یکم نومبر سے سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں ایک گھنٹے کا علامتی بائیکاٹ کیا جائیگا جبکہ نجی ہسپتالوں کی او پی ڈیز غیر معینہ مدت کے لیے بند رکھی جائیں گی۔ ہڑتال کے اعلان سے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پاکستان اور سنگاپور کا تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور سنگاپور نے (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پی پی ایچ آئی اسپتال کی خصوصی میڈیکل ٹیم کی طرف سے بانی پی ٹی آئی عمران کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا طبی معائنہ

راولپنڈی (آن لائن) اڈیالہ جیل میں پابند سلاسل تحریک انصاف کے سابق چیئرمین عمران کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا ہفتہ کے روز معمول کا طبی معائنہ کیا گیا۔

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

## مدارس اور جمعیت کو تجاوزات کے نام پر بلیک میل کرنے کی کوششیں مسترد

### مولانا فضل الرحمٰن کی قومی اسمبلی میں مدلل تقریر نے حکومتی وزراء کو بے چین کر دیا، سچ یوآئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی محمد اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

## ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کا فیصلہ

### وزیراعلیٰ سندھ کی زیر صدارت حیدرآباد پر ڈیزیو یو اجلاس میں تفصیلی بریفنگ پیش کی جائے گی


کراچی (آن لائن) سندھ حکومت نے ورلڈ بینک کے تعاون سے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر مجموعی آمد تیز کرنے اور مقررہ اہداف کے بروقت

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

## اوستہ محمد کے علاقے میں کار اور رکشے کے درمیان تصادم

کوئٹہ (آن لائن) اوستہ محمد کے علاقے میں کار اور رکشے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک خواتین اور بچوں سمیت 10 افراد زخمی ہو گئے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی سے لوگ مل رہے ہیں

## طلباء سیاست پر پابندی اور فیسوں میں اضافہ قابل مذمت ہے، حکمت اللہ

# 5 نومبر کو مفتی محمود کانفرنس اسلام آباد میں منعقد ہوگی

### محکمہ تعلیم نے نوٹیفکیشن کے ذریعے تمام تعلیمی اداروں میں طلباء پر سیاست کے دروازے بند کر دیئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام بلوچستان کے صوبائی صدر حکمت اللہ نے طلباء سیاست پر پابندی، ہاسٹلز اور دیگر فیسوں میں اضافے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت تعلیمی اداروں میں طلباء کو کوئی کلی آزادی کو سلب کرنے کے لئے مراسلہ جاری کر کے پابندی لگائی جارہی ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ طلباء سیاست کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کر کے سندھ حکومت کی طرح بل پاس کر کے طلباء کو سیاست کی آزادی دی جائے۔ ان

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

## امریکا نے ایران کی جانب سے بحری ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ مسترد کر دیا

واشنگٹن (آن لائن) امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران کی جانب سے امریکی بحری ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پسنی، ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار ہلاک، نعش ہسپتال منتقل

کوئٹہ (آن لائن) پسنی کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پسنی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

## گندانہ شاخ میں سیتل پل سے پھل صفائی کا کام جاری

گندانہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کے ذاتی تعاون اور خصوصی دلچسپی سے گندانہ شاخ میں سیتل پل سے پھل صفائی کا کام جاری ہے، جس سے شاخ میں پانی کی روانی بہتر بنانے اور زرعی اراضی تک پانی کی ترسیل میں بہتری کی امید پیدا ہو گئی ہے۔ اس

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

## بلوچستان کی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں اور تخلیقی مہارتوں کی کوئی کمی نہیں، بیرونا بلیڈی

### بلوچستان کی 20 خواتین کاروباری شخصیات کو قومی و بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کے لیے معاونت فراہم کریں گے، خطاب

## WEXNET کے ذریعے مقامی مصنوعات کو قومی پلیٹ فارم اور بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) مشیر وزیراعلیٰ بلوچستان برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں اور تخلیقی مہارتوں کی کوئی کمی نہیں بشرطیکہ انہیں مناسب پلیٹ فارم، مالی معاونت اور قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی فراہم کی جائے۔ وہ ویمن انٹرپرینیورز نیٹ ورک نمائش (WEXNET) بلوچستان کی خواتین کو قومی سطح پر

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

## لیویز فورس کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ

لاہور (آن لائن) پاکستان ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعاون سے لیویز فورس کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں 100 لیویز اہلکاروں کو پولیس میں شامل کیا جائے گا۔ ان کی تعلیمی قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں پولیس کے مختلف شعبوں میں تعینات کیا جائے گا۔ اس

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

## پرامن جدوجہد سے دستبردار ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، مولانا عبدالواسع

### عوامی حقوق کے لیے آئینی اور جمہوری راستہ اختیار کیے رکھیں گے، پرامن سیاسی جدوجہد ہماری پہچان ہے

## پرامن سیاسی و جمہوری راستے کے انتخاب کی وجہ سے جماعت نے طویل عرصے میں شہادتوں اور قربانیوں کا سامنا کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ان کی جماعت کو پرامن سیاسی جدوجہد سے روکنے بٹھانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ عوامی قوت، آئینی جدوجہد اور دلیل کی بنیاد پر سیاست کرنا ان کا بنیادی سیاسی راستہ ہے۔ اپنے بیان میں مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے مشکل حالات میں بھی اپنے مؤقف پر قائم

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN
ABC CERTIFIED

# عوامی مسائل حل، حکومت کی اولین ترجیح

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، تاہم گزشتہ 13 سال سے صوبے میں برسر اقتدار جماعت نے عوامی خدمت کے بجائے سیاسی نعروں اور تقسیم در تقسیم کی سیاست پر توجہ دی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ خیبر پختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملنے والے 800 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے، صوبے میں کتنے سیف سٹی منصوبے قائم کیے گئے اور محکمہ انسداد دہشت گردی کو کتنا مضبوط بنایا گیا؟ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی اور عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج وزیراعظم پاکستان اور قائد محمد نواز شریف کے کارکن کی حیثیت سے مخاطب ہیں۔ خیبر پختونخوا وطن عزیز کا خوبصورت صوبہ ہے اور یہاں کے عوام غیور، دلیر اور باوقار ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے خیبر پختونخوا میں جمہوری روایات کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ 2013 کے انتخابات کے بعد قائد محمد نواز شریف نے صوبے میں کثیر الجماعت کانگرس کا موقع دیا۔ یہ ان کی جمہوری سوچ، فراخ دلی اور سیاسی رواداری کا ثبوت تھا جس نے صوبے میں جمہوریت کو آگے بڑھنے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 13 برسوں کے دوران صوبے میں بلند و بانگ دعوے تو کیے گئے، لیکن عوامی خدمت کے حوالے سے خاطر خواہ پیش رفت نظر نہیں آئی۔ پشاور سے کوہستان، ہزارہ اور جنوبی اضلاع تک عوام کے بنیادی مسائل حد متوجہی کا شکار رہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ اس عرصے میں صوبے میں کتنی یونیورسٹیاں اور ہسپتال قائم کیے گئے؟ شہباز شریف نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عوام، پولیس، افواج پاکستان اور سیاسی رہنماؤں نے ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان نے اس جنگ میں بھاری جانی اور معاشی نقصان برداشت کیا۔ انہوں نے کہا کہ محمد نواز شریف کے دور میں پوری قوم اور قومی اداروں نے مل کر دہشت گردی کا خاتمہ کیا تھا۔ آرمی پبلک اسکول پشاور کا دل خراش سانحہ آج بھی پوری قوم کے ذہنوں میں تازہ ہے اور معصوم بچوں کی شہادت کا یہ المناک واقعہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران ملک میں لانگ مارچ اور دھرنوں کی سیاست کی گئی۔ 2014 کے دھرنے کے باعث چینی صدر شی جن پنگ کا دورہ پاکستان متاثر ہوا، تاہم 2015 میں ان کے دورے کے موقع پر اہم معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں 20، 20 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ بھی نواز شریف کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ 2019 اور 2020 میں افغانستان سے دہشت گردوں کو واپس لا کر آباد کیا گیا، جس کے نتیجے میں دہشت گردی نے دوبارہ سر اٹھایا اور ملک کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ماضی کی طرح مل کر مقابلہ کرنے کی دعوت دی گئی، لیکن ان کی بات نہیں سنی گئی۔ این ایف سی ایوارڈ کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 2010 کے این ایف سی ایوارڈ میں خیبر پختونخوا کے لیے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے تناظر میں ایک فیصد اضافی وسائل مختص کرنے پر اتفاق ہوا تھا، جس کے تحت صوبے کو اب تک 800 ارب روپے مل چکے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اتنے بڑے مالی وسائل ملنے کے باوجود صوبے میں کتنے سیف سٹی منصوبے قائم کیے گئے؟ محکمہ انسداد دہشت گردی کو کس حد تک مضبوط بنایا گیا؟ پولیس کی پانچ ہزار خالی آسامیوں پر بھرتیاں کیوں نہیں کی گئیں؟ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے دستیاب وسائل پولیس کو جدید اسلحہ، بہتر تربیت اور جدید سہولیات فراہم کرنے پر خرچ ہونے چاہئیں تھے۔ وزیراعظم نے ملکی معیشت کے حوالے سے کہا کہ عسکری اور سیاسی قیادت نے معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے مل کر شبانہ روز محنت کی ہے۔ عالمی حالات اور یورپی جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا، تاہم مشکلات کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فیول سبسڈی اسکیم شروع کی۔ انہوں نے بتایا کہ فیول سبسڈی اسکیم سے ایک کروڑ 30 لاکھ افراد مستفید ہو چکے ہیں، جبکہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے حکومت نے 75 ارب روپے مختص کیے ہیں۔ غریب آدمی کو ریلیف دینا حکومت کی اہم ترجیح ہے اور ملکی معیشت کو عدم استحکام سے بچانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کوزر راج اور لیمر جنسی کے نفاذ کے حوالے سے وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ 13 برسوں کے دوران صوبے میں بلند و بانگ دعوے تو کیے گئے، لیکن عوامی خدمت کے حوالے سے خاطر خواہ پیش رفت نظر نہیں آئی۔ پشاور سے کوہستان، ہزارہ اور جنوبی اضلاع تک عوام کے بنیادی مسائل عدم تو

# اطلاع عام

میر ے گھر کا گیس میٹر نمبر 01000 2209 07220 چوری ہوگیا ہے۔ ابزرد اطلاع کے لئے مشکور ہے

المشتہر

عبدالغنی بلدیہ محلہ بیگ

گنج بیگ آباد

---

بقیہ 01

29 کا اضافہ ہوا تھا، جبکہ مالیاتی 48 ہزار سے 48 ہزار 77 ہوا۔ اس کے علاوہ 655 میڈیکل مراکز صحت کو بھی توانائی پہنچائی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 655 میڈیکل مراکز صحت کو بھی توانائی پہنچائی گئی ہے۔ بلدیہ کے ڈائریکٹر جنرل انجینئر اشفاق علی خان نے بتایا کہ شہر کے 12 بڑے نالوں پر 24 گھنٹے نگرانی کے لیے کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جہاں سے بارش کے دوران پانی کی سطح کا مسلسل جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں متاثرہ علاقوں تک فوری امداد پہنچانے کے لیے 12 موبائل یونٹس بھی تیار رکھی گئی ہیں۔

---

بقیہ 02

30 دن ہوئی ہے، جام بیڑ کی مدت ہوگی کی 5 سال کے مطابق اس کی عمر مقرر کی گئی ہے۔ سیوٹ سے فاکہ و اضافے کے لیے پاکستانی شہریوں کے لیے مفت شوشہ و انشورنس کفالی ہے۔ اس کے علاوہ فارن شہریوں کو پیشوں ایلیٹ انشورنس حاصل کرنا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ فارن شہریوں کو پیشوں قطر کی ثقافت کے بارے میں آگاہی دینا چاہئے۔ اس کے مطابق ان کو ایک کتابچہ بھی دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ایک ایسی ایپ بھی بنائی جائے گی جس کے ذریعے فارن شہری قطر کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ ایک ایسی ایپ بھی بنائی جائے گی جس کے ذریعے فارن شہری قطر کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ ایک ایسی ایپ بھی بنائی جائے گی جس کے ذریعے فارن شہری قطر کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے۔

---

بقیہ 03

کرتے ہوئے سرکلی اور دوڑ نے کہ ریس اور امریکہ کے حقلات سے اس علمی طور پر کوئی تعلیق تبدیل دیکھنے میں آئی ہے۔ وہ دی ریس کا آغاز کیا تھا کہ ایک ہی وقت میں ایک ہی علمی طور پر ایسے کوئی تبدیلی پیش نہیں کی جا سکی۔ اس کے علاوہ ریس کے دوران ریس کے دوران ریس کے دوران

سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے

# عوامی خدمت کا سفر جاری رہے گا، محمد خان لہڑی

ہماری اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اور علاقے کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے

نصیر آباد (رخ ان) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ ایک ارب روپے کی خطیر لاگت سے میگا ترقیاتی منصوبے کے تحت 35 کلومیٹر طویل شہید بھٹو شوری ویون کونسل پارک سے تھیلیل لاڈھی شریف کے مختلف علاقوں تک پیکج نا پختہ سڑک تعمیر کی جائے گی، جس سے علاقے کے ہزاروں عوام مستفید ہوں گے، اس اہم شاہراہ کی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3پر)



صوبائی شیرا اکبر بابہ خان لہڑی کی زیر صدارت پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس 2026 کی اختتامی تقریب میں شخصیت شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

## بھارتی تنقید مکہ دفاعی معاہدے کی اہمیت کم نہیں کرسکتی، ترک وزیر خارجہ

پاکستان اور سعودی عرب کے مشترکہ تعاون کے بڑھتے امکانات نے بھارت کو بے چین کردیا ہے، حاقان فیدان

بھارت اس اتحاد پر تنقید تو کرسکتا ہے، لیکن اس کی سفارتی اہمیت کو نظر انداز نہیں کرسکتا

استنبول (آن لائن) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی اتحاد کے خلاف بھارتی ذرائع ابلاغ کی مہم اس اتحاد سے متعلق بھی بیلی کے خدشات کی عکاسی کرتی ہے، ترک ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی تعاون کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3پر)

29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس آج سے اسلام آباد میں، اہم قومی و عالمی شخصیات کی شرکت متوقع

عالمی چیلنجز کے تناظر میں ترقی کے نئے تصورات اور پائیدار ترقی کے اہداف پر غور کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پائیدار ترقی، معاشی و سماجی استحکام اور عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ترقی کے نئے راستوں پر غور کرنے کی غرض سے سسٹینیبل ڈیولپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی) کے زیر اہتمام 29 ویں

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3پر)

ملک بھر میں تیسری ڈیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی

لاہور (آن لائن) ملک بھر کے 97 مخصوص اضلاع میں ڈیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی، سات روزہ مہم سال کی تیسری ڈیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک کے 97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 38 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3پر)

## گوادر میں ممکنہ آبی بحران متاثرہ علاقوں میں واٹر باؤزرز کے ذریعے پانی کی فراہمی کا فیصلہ

تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ذریعے ممکنہ آبی بحران سے نمٹنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے، اجلاس میں فیصلہ

شادی کور ڈیم میں 18 ہزار ایکڑ فٹ پانی موجود، سروشت، چدگال کلاچ اور کلمت میں ہنگامی بنیادوں پر پانی پہنچانے کی ہدایت

گوادر (رخ ان) ضلع گوادر میں شدید سماجی اور دیہی مشکلات کی کمی کے باعث پیدا ہونے والے ممکنہ آبی بحران سے نمٹنے کے لیے اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں پانی کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور قلت سے متاثرہ علاقوں میں واٹر باؤزرز کے ذریعے فوری فراہمی یقینی بنانے کی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3پر)



بلوچستان رورل ڈویلپمنٹ اکیڈمی کے زیر اہتمام سرکاری افسران کے لئے مصنوعی ذہانت کے عملی استعمال سے متعلق تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر کامیاب شرکاء میں اسناد و تقرت کے موقع پر کامیاب شرکاء میں اسناد تقسیم کی جارہی ہیں

سری لنکا اور پاکستان کو باہمی تجارت بڑھانے کیلئے مشترکہ اقدامات اٹھانا ہونگے: سری لنکن ہائی کمشنر

دیرینہ ادارہ خطے کی جھلک تجارت و سرمایہ کاری میں بھی نظر آنی چاہئے، ریئر ایڈمرل (ریٹائرڈ) فریڈ سنیوی رتنے

لاہور (آن لائن) پاکستان میں سری لنکا کے ہائی کمشنر ریئر ایڈمرل (ریٹائرڈ) فریڈ سنیوی رتنے نے لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تجارتی اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی جھلک تجارت و سرمایہ کاری میں بھی نظر آنی چاہیے۔ لاہور چیمبر کے صدر عاطل حسام اصغر نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور پاکستان کی معیشت کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

## آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا انٹرنیٹ بحالی اور آٹے کی قلت ختم کرنے کا مطالبہ

ژوب (آن لائن) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی جانب سے ژوب میں موبائل انٹرنیٹ سروس کی مسلسل بندش، آٹے کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کے خلاف بلدیہ چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس کی صدارت آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے صدر ابوذر نیشنل پارٹی کے رہنما عبدالجبار کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنما نصیب خان ہاصر، جمعیت علمائے اسلام (ف) کے اختر محل کاکڑ، پاکستان تحریک انصاف کے صمد خان

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3پر)

پاکستان میں حلال فورم کا انعقاد خوش آئند ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد/ کراچی (نیوز ایجنسی) وفاقی وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی خالد حسین گھمی نے پہلے پاکستان حلال فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

کوہلو، نامعلوم ملزمان نے سڑک تعمیر کرنے والی کمپنی کی مشینری کو نذر آتش کردیا

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے سڑک تعمیر کرنے والی کمپنی کی مشینری کو نذر آتش کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3پر)

مولانا فضل الرحمٰن کی قومی اسمبلی میں مدلل تقریر نے حکومتی وزراء کو بے چین کردیا ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کا ردعمل

## مدارس اور جمعیت و تجاوزات کے نام پر ہیلپ میل کرنے کی کوششیں مسترد کرتے ہیں، جمعیت کوئٹہ

اگر کسی عمارت یا تعمیر کے حوالے سے کوئی قانونی اعتراض موجود ہے تو اسے شفاف قانونی طریق کار کے تحت حل کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی یمین اللہ محسن، سینئر نائب امیر مولانا شورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب بیخ، مولانا عبداللہ محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان یاوری، مولانا محمد شعیب جہدان، رحیم الدین لیڈ ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے پاکستان میں سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی 103 ویں سالگرہ کی پر وقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں مہمان خصوصی وزیر مملکت محترمہ وجیہہ قمر، ترک سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اور دیگر شریک

اسلام آباد (آن لائن) پاک ترک معارف انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز کے زیر اہتمام جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی 103 ویں سالگرہ کے موقع پر

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3پر)

چیئرمین کی پیانائٹس بی اور سی کے مریضوں کی بڑی تعداد اور اس بیماری کے باعث سالانہ ہزاروں اموات پر تشویش کا اظہار

# عوامی خدمت کا سفر جاری رہے گا، محمد خان لہڑی

پیانائٹس سی کے 70 فیصد مریض اپنی بیماری سے لاعلم، مفت اسکریننگ اور علاج کی سہولیات ملک بھر میں فراہم کی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ فائز کھلی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان میں پیانائٹس بی اور سی کے مریضوں کی بڑی تعداد اور اس بیماری کے باعث سالانہ ہزاروں اموات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مربوط اور مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ملک میں پیانائٹس بی اور سی سے تقریباً ایک کروڑ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

## روس اور امریکہ کے تعلقات میں کوئی حقیقی پیشرفت نہیں ہوئی، سرگئی لاوروف

ماسکو (آن لائن) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ ماسکو اور واشنگٹن کے درمیان مسائل بدستور موجود ہیں اور دونوں ممالک کے تعلقات میں اب تک کوئی حقیقی پیشرفت سامنے نہیں آئی۔ امریکی شہر انکوریج میں جی 20 ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس کے پہلے روز کے اختتام پر پریس بریفنگ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3پر)

## قطر کا پاکستانیوں کے لیے 30 دن کے مفت سیاحتی ویزے کا اعلان

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے پاکستانی شہریوں کے پاسپورٹ کی میعاد کم از کم نو ماہ کی ہونا ضروری ہے

دوحہ (آن لائن) بیرون ملک سیاحت کے خواہش مند پاکستانی شہریوں کے لیے قطر ایک ایسی سہولت فراہم کر رہا ہے جس کے تحت دو پیشگی ویزا حاصل کیے بغیر ملک پہنچنے پر مفت سیاحتی ویزا حاصل کرسکتے ہیں۔ قطر کی وزارت داخلہ کے مطابق پاکستانی شہریوں کو زیادہ سے زیادہ 30 روز کے لیے یہ سہولت دی جاتی ہے، تاہم اس کے حصول کے لیے بعض شرائط پوری کرنا ضروری ہیں۔ وزارت داخلہ کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری معلومات کے مطابق پاکستانی شہریوں کی آمد پر مفت سیاحتی ویزا جاری کیا جاتا ہے، جس کی مدت زیادہ سے زیادہ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3پر)

## پی پی ایچ آئی بلوچستان کی 10 ماہ کی کارکردگی بنیادی صحت کی سہولیات میں نمایاں اضافہ

ٹیلی ہیلتھ سروسز کے ذریعے اب تک ایک لاکھ 11 ہزار 434 طبی مشاورتیں فراہم کی جا چکی ہیں، رپورٹ

او پی ڈی وزٹس 10 لاکھ 70 ہزار سے بڑھ کر 17 لاکھ 40 ہزار ہوگئے، 184 ٹیلی ہیلتھ مراکز اور 655 بی ایچ یوز سولرائز

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی بلوچستان نے گزشتہ دس ماہ کے دوران صوبے میں بنیادی صحت کے نظام کو بہتر بنانے، طبی سہولیات کی رسائی بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ ادارے کی جانب سے جاری کردہ کارکردگی کے اعداد و شمار کے مطابق سرماہی او پی ڈی وزٹس کی تعداد 10 لاکھ 70 ہزار سے بڑھ کر 17 لاکھ 40 ہزار تک پہنچ گئی، جو 63

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3پر)

## این سی سی آئی اے کے الخدمت فاؤنڈیشن اور یو ایس ٹی میں خصوصی آگاہی سیشن

لاہور (نیوز ایجنسی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کا ہونہار طلبہ و طالبات میں سائبر سیفٹی اور ڈیجیٹل ذمہ داری کے شعور کو اجاگر کرنے کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن اور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایس ٹی) میں خصوصی آگاہی سیشن منعقد کیے گئے۔ ان سیشنز میں سائبر ہراسانی، آن لائن فراڈ، ڈیجیٹل شناخت کے غلط استعمال اور سوشل میڈیا پر محفوظ رویوں سے متعلق طلبہ و طالبات کو آگاہی فراہم کی گئی۔ سیشنز کی قیادت این سی سی آئی اے کے ماہر تفتیش کار محمد عثمان نے کی، جبکہ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

## وفاقی حکومت کا 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (آن لائن) شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یوم ولادت کے موقع پر حکومت پاکستان نے 9 نومبر کو ملک گیر عام تعطیل کا فیصلہ کیا ہے، جس کا

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3پر)

## ایران کی مسلح افواج کو نقصان پہنچانے والوں کو بڑا دھچکا دیں گے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے تہران چالیسویں فریڈرک مرز پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی مسلح افواج کو نقصان پہنچانے والوں کو بڑا دھچکا دیں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران پر امریکا اور اسرائیل کی بمباری شروع

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

سرباب روڈ مقتل گاہ بن چکا، دو نوجوانوں کا قتل لمحہ فکریہ ہے، سلطان محمد خان

چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتیں تشویشناک، شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، ملک مصلح الدین

سرباب کے عوام کو امن چاہیے، خوف نہیں؛ تحفظ چاہیے، لاشیں نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) ٹاؤن سرباب کے صدر اور سرباب ترقی پسند پینل کے سربراہ ملک مصلح الدین مینگل لیڈ ووکیٹ نے سرباب روڈ پر دن دہاڑے موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کے دوران دو نوجوانوں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سرباب روڈ پر تجارتی مراکز، بینکوں اور دفاتر کے باہر اکثر موٹر سائیکل سوار مسلح افراد شہریوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ ان دہاڑے دو نوجوانوں کا قتل انتہائی افسوسناک اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرباب روڈ سمیت حساس علاقوں میں چوری،

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

## وزیراعظم کی بھارت کے خلاف کامیابی پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد

بھارت کے خلاف چاروں کوششوں سے کامیابی پاکستانی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کا مظہر ہے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہانگ کانگ سکسز میں بھارت کے خلاف شاندار کامیابی پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ بھارت کے خلاف چار کوششوں سے کامیابی پاکستانی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کا مظہر ہے، دونوں ٹیموں کے درمیان اچھا مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں کی تیاری اور معاونت کے لیے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3پر)

## ڈیرہ مراد جمالی، نامعلوم مسلح افراد 2 نوجوانوں کو اغوا کرکے لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد 2 نوجوانوں کو اغوا کرکے لے گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے ربی کینال کے قریب سے ضمیر احمد اور لعل حسین زمینوں پر کام کر رہے تھے کہ نامعلوم مسلح

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3پر)

## میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں ترقیاتی فنڈز کی مبینہ خورد برد کے الزامات

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ طور پر ترقیاتی منصوبوں پر کام کیے بغیر سرکاری فنڈز کے استعمال اور غیر قانونی کٹوتیوں کی جانب سے بے بنیاد شکایتوں کے الزامات سامنے آئے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3پر)

## خان شہید کی شہادت کی برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائیگی، پشتونخوا میپ

جمال اچکزئی کی زیر صدارت پشتونخوا میپ ضلع چمن کی ضلعی کمیٹی کا ماہانہ اجلاس، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی برسی کی تیاریوں کا جائزہ

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کی ضلعی کمیٹی کا ماہانہ اجلاس پارٹی کے ضلعی قائم مقام سیکرٹری حاجی جمال خان اچکزئی کی صدارت میں منعقدہ ہوا۔ اجلاس میں ضلعی کابینہ اور مختلف تحصیلوں و علاقائی ابتدائی یونٹوں کی رپورٹس پیش کی گئیں اور تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کا خصوصی ایجنڈا برصغیر پاک و ہند کی آزادی کے قافلے کے عظیم سالار بیرسٹر محمد آزاد کے بے باک رہنما خان

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3پر)

## مریم نواز سے فرانسیسی سفیر کی ملاقات، پنجاب میں سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

لاہور (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں فرانس کے نئے سفیر ژاں نوئل

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3پر)

## خیبر پختونخوا کی سرکاری جامعات میں تعلیمی و مالیاتی اصلاحات کا فیصلہ

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کی سرکاری جامعات کو درپیش تعلیمی، انتظامی اور مالیاتی چیلنجز سے نمٹنے،

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3پر)

کیسکو کی نارو لوڈشیڈنگ کا خاتمہ، امن و امان کی بحالی اور ڈیورٹڈ لائن پر تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحالی کو یقینی بنایا جائے، کمیر آفغان

## پی بی 53 کوئٹہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہے، اورنگ شاہ خلجی

پانی، بجلی، گیس اور معیاری سڑکوں کی عدم فراہمی سے شہری مشکلات کا شکار ہیں، سیاسی و قبائلی رہنماء

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنما سردار اورنگ شاہ خلجی نے کہا ہے کہ حلقہ پی بی 53 کوئٹہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، جبکہ علاقے کے منتخب رکن بلوچستان اسمبلی صمد کورگیج نے مبینہ طور پر حلقے کو نظر انداز کر رکھا ہے پانی بجلی، گیس اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث شہریوں کو روزمرہ زندگی میں

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3پر)

## بائیو کیمسٹری طلبہ کا کلینیکل لیبارٹری کے مختلف شعبوں کا عملی مشاہدہ

تربت (آن لائن) جامعہ تربت کے شعبہ نیچرل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے بائیو کیمسٹری پروگرام کے طلبہ نے کورس پیرا ڈائز ظہیر وہ احمد ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کی سربراہی میں ڈی ایچ کیو ہسپتال تربت کا تعلیمی دورہ کیا۔ طلبہ نے کلینیکل تشخیصی لیبارٹری میں کام کے طریقہ کار کا عملی مشاہدہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں، بشمول یورینالیسس، ہیماٹولوجی،

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3پر)

## ڈپٹی کمشنر سبی کا پولیو مہم میں غفلت برداشت نہ کرنے کا اعلان

شہری اور دیہی علاقوں کا دورہ کرکے پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور انتظامات کا جائزہ لیں گے

خانہ بدوش خاندانوں کے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی ہدایت

سبی (اے این این) ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کیرنی نے کہا ہے کہ والدین اپنے پھول جیسے معصوم بچوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانے کے لئے صرف دو قطرے پولیو ویکسین پلا کر اپنا فرض پورا کریں علماء کرام، سول سوسائٹی سمیت میڈیا نمائندگان والدین میں آگہی و شعور کی فراہمی میں رول پلے کریں تاکہ ہمارے بچے صحت مند ہو تو ہمارا

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3پر)

## اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی

اوستہ محمد (اے این این) ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی نے کہا ہے کہ شہر میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے پولیس کی کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، جبکہ منشیات فروشوں، چوروں، ڈکیتوں اور دیگر سماج دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3پر)

## اسلام آباد ہائیکورٹ کا کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں بریت والے کیس کا حوالہ نہ دینے کا حکم

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بڑا فیصلہ جاری کرتے ہوئے کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں بریت والے کیس کا حوالہ نہ دینے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے بریت کے بعد ایف آئی آر کا کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں حوالہ غیر قانونی قرار دیتے ہوئے آئی جی اسلام آباد کو طریقہ کار جمع کرنے کی ہدایت کی

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3پر)

## پاک۔ اقوام متحدہ پانچ روزہ بین الاقوامی کانفرنس اسلام آباد میں اختتام پذیر

اسلام آباد (آن لائن) موسمیاتی تبدیلیوں، قدرتی آفات اور بڑھتے ہوئے ماحولیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے خلائی ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور عالمی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کے ساتھ پانچ روزہ پاک۔ اقوام متحدہ بین الاقوامی کانفرنس اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوگئی۔ کانفرنس میں 22

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3پر)



کوئٹہ میں قومی فن پاروں کی نمائش کا ڈائریکٹر کلچر ڈاوورین، ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و نیاز احمد زرکون افتتاح کر رہے ہیں

## عاصمہ جہانگیر کے خلاف توہین آمیز بیان ناقابل قبول، پاکستان بار کونسل

اختلاف رائے ذاتی حملوں اور نفرت انگیزی کا جواز نہیں بن سکتا، پاکستان بار کونسل

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان بار کونسل نے کیپٹن (ر) صفدر کی جانب سے مرحومہ عاصمہ جہانگیر کے خلاف دیے گئے مبینہ توہین آمیز بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اس کی سخت مذمت کی ہے اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بیان کا فوری نوٹس لے کر ذمہ دار کے خلاف مناسب قانونی کارروائی کی جائے۔ پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پروفیسر محمد مسعود چشتی نے اپنے بیان میں کہا کہ مرحومہ عاصمہ جہانگیر کے مذہبی تشخص سے متعلق ریمارکس نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہیں۔ اختلاف رائے کسی بھی صورت ذاتی حملوں، توہین

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3پر)

## فیصل خان جمالی کا پولیس تھانہ گنداخہ کا دورہ، عمارت اور سیکیورٹی انتظامات کا معائنہ

گنداخہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے پولیس تھانہ گنداخہ کا دورہ کیا، اس موقع پر ڈی پی او سرکل گنداخہ محمد علی جمالی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈی پی او محمد علی جمالی نے صوبائی وزیر کو پولیس تھانہ گنداخہ کی خستہ حال عمارت کے مختلف

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3پر)

## لورالائی عوامی تحریک کے تحت پہلا یونٹ زنگیوال جوگیزئی یونین کونسل میں قائم

لورالائی (آن لائن) قبائلی رہنما انجینئر سرور اللہ جوگیزئی نے کہا ہے کہ سماجی تنظیم عوامی خدمت لورالائی کے قیام کا مقصد دکی انسانیت کی خدمت و بھی غریب، نادار اور مستحق لوگوں کو پاکستان کے مختلف ہسپتالوں میں مفت علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس لئے تنظیم کی جانب سے یونین کونسل

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3پر)

## ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی پولیس تھانہ سٹی میں پریس کانفرنس کا انعقاد

دہرے قتل، ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات میں اہم کامیابیاں، متعدد ملزمان گرفتار، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد

بابا کوٹ (اے این این) ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر نے آج پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر انسپکٹر منگوی محمد انور کھوسہ، انچارج سی آئی اے انسپکٹر

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

## ایس ای سی پی نے 39 ہزار 704 کمپنیوں کو غیر فعال قرار دے دیا

چار سال سے سالانہ گوشوارے اور مالیاتی بیانات جمع نہ کرانے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی

اسلام آباد (آن لائن) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کارپوریٹ شعبے میں شفافیت یقینی بنانے اور مالیاتی نظام کے تحفظ کے لیے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 39 ہزار 704 کمپنیوں کو غیر فعال قرار دے دیا ہے۔ یہ کمپنیاں گزشتہ چار سال سے اپنے سالانہ گوشوارے اور لازمی مالیاتی بیانات جمع نہیں کرا رہی تھیں، جس کے باعث ان

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3پر)

## رسم سوئم مرحومین کو قرآن خوانی اور حمد و نعت کا ثواب پہنچانے کا ذریعہ ہے

والدین کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور نیک اعمال اہم ذریعہ ہیں، سلیمان نقشبندی

سبی (اے این این) جماعت اہل سنت کے مرکزی سینئر رہنما و خطیب جامع مسجد مدینہ سبی الحاج صاحبزادہ صوفی سلیمان نقشبندی نے کہا ہے کہ رسم قرآن پاک حمد و نعت کی یہ بابرکت محفلیں سجا کر ثواب پہنچنے کا اہم ذریعہ بھی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد اقصیٰ ریلوے کالونی سبی میں

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر: ملک نذیر احمد اعوان تعمیر وطن پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبرز: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameenewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com